نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے بروقت اور مناسب آبپاشی کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 08 دسمبر 2024(   ): ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے بروقت اور مناسب آبپاشی نہایت اہم ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ **کپاس مکئی اور گنے کے بعد کاشتہ** گندم کو پہلی آبپاشی شگوفے نکلتے وقت یعنی بوائی کے 20 تا25 دن، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت 80 تا90 دن اور تیسری آبپاشی دانہ بننے کی ابتداء یعنی بوائی کے 125 تا130 دن کے بعد کی جانی چاہیے۔**دھان کی فصل کے بعد کاشتہ** گندم کو پہلی آبپاشی بوائی کے 35 تا45 دن، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت یعنی بوائی کے 80 تا90 دن، اور تیسری آبپاشی بوائی کے 125 تا130 دن کے بعد کرنی چاہیے۔**پچھیتی کاشتہ گندم** کو پہلا پانی بوائی کے 25 تا30 دن بعد، دوسری آبپاشی 70 تا80 دن بعد جبکہ تیسرا پانی بوائی کے 110 تا115 دن بعد کرنی چاہیے۔**تھل کے علاقہ جات** میں گندم کی فصل کو مقامی موسمی حالات کے پیشِ نظر پہلا پانی بوائی کے 20 تا25 دن بعد، دوسرا پانی فصل کی شاخیں نکلتے وقت یعنی بوائی سے 40 تا45 دن بعد، تیسرا پانی گوبھ کے وقت یعنی بوائی کے 70 تا75 دن بعد، چوتھا پانی پھول بنتے وقت یعنی بوائی کے 90 تا95 دن بعد، پانچواں پانی دانہ بنتے وقت یعنی بوائی کے 110 تا115 دن بعد اور چھٹا پانی دانے بھرتے وقت یعنی بوائی کے 130 تا135 دن بعد کرنی چاہیے۔

☆☆☆☆